عصرِ حاضر کے سماجی انتشار کا بڑا سبب یہی ہے کہ ہر کسی کو اپنے حقوق کی دھن ہے۔ اسی کی شب و روز تگ و دو ہے، اپنے فرائض کی نہ کسی کو فکر ہے نہ ان کا احساس ہے۔ حد تو یہ ہے کہ حقوق بھی متعین طور پر معلوم نہیں۔ حافظ صاحب نے فرائض و حقوق کی جدا جدا نشاندہی کر کے ایک بڑی خدمت کی ہے۔ یہ کتاب قوم کے ہر طبقے کے لیے یکساں طور پر مفید ہے۔ ہم اپنے جملہ قارئین سے بلا استثناء اس کتاب کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

— ۲ —

کتاب : یہودیت اور مسیحیت
مؤلف : ڈاکٹر احسان الحق رانا (ایم ایس سی (آرز) پی ایچ ڈی (پنجاب) ایم۔ ایس (کولمبیا)
صفحات : بڑا سائز ۲۲×۱۸/۸ ۴۰۰ صفحات
قیمت : چالیس روپیہ
ناشر : مسلم اکادمی ۱۸/۲۹ محمد نگر۔ لاہور۔ ۵

زیرِ نظر کتاب دُنیا کے دو قدیم مذاہب یہودیت اور مسیحیت پر ایک تحقیقی اور تنقیدی کتاب ہے۔ اس کتاب میں ان مذاہب پر ہر پہلو اور ہر گوشہ سے بحث کی گئی ہے۔ مؤلف کا اندازِ تحریر یہ ہے کہ ایک عنوان قائم کرتے ہیں، چند تمہیدی کلمات کے بعد بائیبل اور مسیحی کتب کے اقتباسات پیش کرتے ہیں۔ آخر میں اُن کا جچے تلے انداز میں تجزیہ کرتے ہیں۔ چنانچہ چار صد صفحات کی کتاب میں پانچصد (۵۰۰) سے زائد اقتباسات موجود ہیں۔

اس کتاب میں یہودیت اور مسیحیت کا مکمل تعارف ہے۔ کتبِ عہدِ عتیق اور عہدِ جدید پر علمی انداز میں سیر حاصل بحث ہے، عقائد اور تاریخ کا تنقیدی جائزہ ہے۔ اس کتاب کا مسودہ "اہلِ کتاب کے مذاہب کی حقیقت" کے نام سے مرتب کیا گیا تھا جسے حکومتِ پنجاب نے اشاعت سے قبل ہی ضبط کر لیا۔ ضبط شدہ مسودہ کی بازیابی کے بعد اسے اس ضخیم کتاب کی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔

تقابلِ ادیان سے دلچسپی رکھنے والے اور یہودیت و مسیحیت کے مطالعہ کے ہر خواہش مند کے لیے یہ کتاب ایک ارمغانِ علمی کی حیثیت رکھتی ہے۔ کتاب کئی ابواب اور متعدد گوشواروں پر مشتمل ہے۔ اردو بازار لاہور میں اسلامی اکادمی سے بھی مل سکتی ہے۔